کے درمیان براہ راست تعلق جوڑنے کی خاطر اعلان نبوت کے بعد نماز کی فرضیت امۃ کی روحانی وحدت اور یگانگت کی طرف اہم قدم تھا(۲۵) قیامت کے بارے میں قرآن کے عقلی دلائل(۲۶) جزاء و سزاء کے تصور(۲۷) اور اللہ کی نشانیوں' اس کی طاقت اور کاموں کی طرف توجہ دلانے والی آیتوں(۲۸) نے مکہ میں مسلمانوں کے درمیان روحانی اتحاد و یگانگت پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ روحانی یگانگت کے حصول کی خاطر رسول کریم نے عیسائیت کا راستہ اختیار نہیں کیا کہ اپنے پیروکاروں کو ترک دنیا کا سبق دیتے یا انہیں تارک دنیا بننے پر مجبور کرتے۔ اس ضمن میں قرآن پاک یہ ہدایت مشعل راہ تھی۔

وَ ابْتَغِ فِيمَآ اٰتٰكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنيَا وَ اَحسِنْ كَمَآ اَحسَنَ اللّٰهُ اِلَيكَ وَلَا تَبغِ الفَسَادَ فِي الْاَرضِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفسِدِينَ ۔

اور جو کچھ اللہ نے تم کو دیا ہے اس سے آخرت کی بھلائی طلب کرو اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھولو اور جیسی خدا نے تم سے بھلائی کی ہے تم بھی بھلائی کرو اور زمین میں فساد پھیلانے کے طلب گار مت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ فساد پھیلانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(۲۹)

لیکن ایک طرف اگر رہبانیت کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے کہ اس سے اتحاد کو نقصان پہنچنے کا احتمال تھا تو دوسری طرف خالص دنیاداری اور حب مال کی بھی حوصلہ شکنی کی گئی ہے۔ چنانچہ ابتدائی مکی سورتوں میں واضح الفاظ میں قرآن پاک کا ارشاد ہے :

وَيلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ الَّذِي جَمَعَ مَالاً وَّعَدَّدَهٗ يَحسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخلَدَهٗ كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِي الحُطَمَةِ

ہر طعنہ دینے والے عیب چننے والے' چغلخور کی خرابی ہے جو مال جمع کرتا اور اس کو گن گن کر رکھتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اس کی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہوگا۔ ہر گز نہیں وہ ضرور جہنم کی آگ میں ڈالا جائے گا۔(۳۰)

آنحضرتؐ نے اپنے طرز عمل سے اسلام کے ابتدائی دور میں' جب کہ مخالفین کے ہاں اس کا نام لینا بھی جرم سمجھا جاتا تھا' اپنے اردگرد لوگوں کی ایک خاصی تعداد جمع کی اور ان قرآنی ہدایات کی روشنی میں جو وقتاً فوقتاً نازل ہوتی رہیں اور جن میں سے چند ایک کا حوالہ اوپر دیا گیا' مسلمانوں میں وحدت فکر پیدا کی۔ مسلم امۃ میں یگانگت و ہم آہنگی پیدا کرنے کی غرض سے آپ نے ہجرت سے قبل مکہ میں بھی مواخات قائم کی تھی(۳۱) جس کے دوررس سماجی' معاشی اور سیاسی نتائج برآمد ہوئے تھے۔